# پریس ریلیز

# ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، ،سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

14 جولائی 2016

## آر بی آئی نے ''دی یشونت کوآپریٹو بینک لمیٹیڈ، پھلٹن، مہاراشٹر پر جرمانہ عائد کیا

ریزروبینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن 47A(1)b جس کو سیکشن (4)46 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے (جیسا کہ یہ کوآپریٹو سوسائٹیز پر لاگو ہے) میں حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے ''دی یشونت کوآپریٹو بینک لمیٹیڈ پھلٹن مہاراشٹر پر ایک لاکھ روپیہ (RS1,00,000/-) کا مالی جرمانہ عائد کیا ہے یہ جرمانہ اس بینک پر بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 (اے اے سی ایس) کے قوانین ہدایات/ انسٹرکشن/ رہنمااصول کی خلاف ورزیاں کرنے پر اور ریزروبینک کے ذریعہ جاری کسی فرد واحد پر غیر محفوظ حد سے زیادہ قرض فراہمی پر روک، گروپ قرض داروں کو لمٹ سے زیادہ قرض کی تقسیم اور آر بی آئی کے رہنمااصولوں کی تعمیل نہ کرنے پر عائد کیا گیا ہے۔

ریزروبینک نے اس بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس (شوکاز نوٹس) جاری کیا تھا اس کے جواب میں بینک نے ایک تحریری جواب نامہ داخل کیا اور اس پر زبانی وضاحت بھی کی۔ معاملہ کی حقیقت اور اس معاملہ میں داخل جواب پر غور کرنے کے بعد ریزروبینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ خلاف ورزیاں تو کی گئی ہیں اور اس پر جرمانہ عائد کر دیا گیا۔

**انیر دھاڈی جادھو**
**اسسٹنٹ منیجر**

**پریس ریلز** 2017۔2016/124